روزنامہ صحافت

# آن لائن گیمنگ کو روکنا

آن لائن گیمنگ بل 2025 پارلیمنٹ نے منظور کرلیا ہے۔ بل میں حقیقی رقم پر مبنی تمام آن لائن گیمز کو غیر قانونی قرار دیا گیا ہے۔ اس میں مہارت پر مبنی خیالی کھیل یا موقع پر مبنی رمی یا پوکر جیسے گیمز شامل ہیں جن میں پیسے کی شرط لگائی جاتی ہے۔ ان کو جوئے کے زمرے میں رکھا گیا ہے۔ بل میں اس سے متعلق اشتہارات پر پابندی لگانے کی بھی شق ہے۔ آن لائن رئیل منی گیمنگ یعنی پیسے پر مبنی آن لائن گیمز ایک ایسا رجحان ہے جو تفریح کی حدوں کو عبور کر چکا ہے اور پیسہ کمانے کے لالچ سے پیدا ہونے والی لت اور مالی نقصان کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ لوگوں کی ایک بڑی تعداد اس کے جال میں پھنس رہی ہے اور اپنی محنت کی کمائی سے ہاتھ دھو رہی ہے۔ اس پر ایک عرصے سے تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ لیکن حکومت اس پر قابو پانے یا اس پر قابو پانے کے بجائے اس کے دوررس نتائج کو نظر انداز کر رہی ہے۔ اس کے منفی نتائج اب کھل کر سامنے آرہے ہیں اور تشویش کا باعث بن رہے ہیں۔ اس سے ہونے والے نقصانات کا دائرہ وسیع ہونے کے بعد اب حکومت نے بھی مان لیا ہے کہ آن لائن رئیل منی گیمنگ معاشرے کے لیے ایک بڑا مسئلہ بن چکا ہے اور اس پر قابو پانا ضروری ہو گیا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق، تقریباً 45 کروڑ لوگ ہر سال پیسے پر مبنی آن لائن گیمز میں تقریباً 20 ہزار کروڑ روپے کا نقصان کرتے ہیں۔ اس نقصان کی وجہ سے اب تک سینکڑوں خاندان مالی طور پر تباہ ہو چکے ہیں۔ لوگ آن لائن گیمز کے ذریعے پیسہ کمانے کے لالچ میں ہارتے رہتے ہیں اور اس طرح برباد ہونے کے بعد بہت سے لوگ خودکشی اور تشدد جیسے انتہائی قدم اٹھا لیتے ہیں۔ اس کے نقصانات پر پہلے بھی تشویش کا اظہار کیا جا چکا ہے۔ اب، اگرچہ دیر سے، حکومت نے گیمنگ انڈسٹری کے ایک حصے سے حاصل ہونے والی آمدنی کی فکر کیے بغیر سماجی بہبود کو ترجیح دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں آن لائن گیمز کو ریگولیٹ کرنے اور تعلیمی اور سماجی آن لائن گیمز کو فروغ دینے کا بل پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں منظور کرلیا گیا ہے۔ یقیناً حکومت اب پیسے پر مبنی آن لائن گیمنگ کو ایک بڑی برائی قرار دے رہی ہے اور کہہ رہی ہے کہ اس سے بچنے کی ضرورت ہے۔ لیکن اس بات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ جب اس قسم کے نام نہاد کھیل عوام میں اپنی جگہ بنا رہے تھے اور اس کے منفی نتائج بھی سامنے آرہے تھے تو اس کے بارے میں جن خدشات کا اظہار کیا جا رہا تھا ان کو نظر انداز کیا جا رہا تھا۔ غور طلب ہے کہ حکومت نے 2023 میں پیسے پر مبنی آن لائن گیمنگ پر 28 فیصد جی ایس ٹی (گڈز اینڈ سروسز ٹیکس) لگایا تھا، جب کہ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ آن لائن گیمز کی وجہ سے نوجوانوں کی بڑی تعداد کی سوچ میں تیزی سے تبدیلی آئی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ایسی اطلاعات سامنے آئی ہیں کہ ایک نوجوان نے آن لائن گیمز کھیلنے سے مسلسل انکار پر تشدد کا سہارا لیا اور اس نے یا تو خودکشی کر لی یا کسی کو قتل کر دیا۔ ویسے بھی، پیسے پر مبنی آن لائن گیمز کو جوئے سے مختلف دیکھنا مشکل ہے۔ پھر اس کے نفسیاتی پہلوؤں کو بھی سمجھنے کی ضرورت ہے۔

# سابق نوکر شاہوں کا فلسطین کے حالات پر اظہارِ تشویش



سراج نقوی

مودی حکومت اور اس کی مختلف ایجنسیاں بھلے ہی مظلوم فلسطینیوں کے حق میں ہندوستان میں اٹھنے والی آوازوں کو دبانے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہوں، لیکن ملک کے سابق نوکر شاہوں کے ایک گروپ نے وزیر اعظم، وزیر داخلہ اور وزیر خارجہ کو خط لکھ کر غزہ میں اسرائیلی کارروائی کو 'نسل کشی' اور 'انسانیت کے خلاف جنگ' قرار دیتے ہوئے، اس تعلق سے ہندوستان کی خارجہ پالیسی پر اپنی تشویش ظاہر کی ہے۔ نوکر شاہوں کے اس گروپ نے خارجہ پالیسی کو ''کمزور اور کشمکش سے بھرے رد عمل'' سے تعبیر کیا ہے۔ 'کانسٹیٹیوشنل کنڈکٹ گروپ' نام کی سابق نوکر شاہوں کی اس تنظیم میں سو سے زیادہ سینئر سابق نوکر شاہ شامل ہیں، جنھوں نے اس خط پر دستخط کیے ہیں۔

خط میں کہا گیا ہے کہ '7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے کے بعد اسرائیل نے غزہ پر غیر معمولی اور بے رحمانہ کارروائی کرتے ہوئے اب تک تقریباً 62 ہزار فلسطینیوں کو قتل کر دیا ہے۔ ان میں بڑی تعداد بچوں، انسانی کارکنوں، اقوام متحدہ کارکنوں اور صحافیوں کی ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ غزہ کی 70 فیصدی سے زیادہ عمارتیں ملبے میں تبدیل ہو چکی ہیں۔ اشیائے خوردنی، دواؤں اور ایندھن کی سپلائی روکے جانے سے روزانہ کئی بچے بھوک سے مر رہے ہیں۔ خط میں اس عمل کو ''آہستہ آہستہ تھوپے گئے قتلِ عام'' اور فلسطینیوں کو غزہ سے جبراً بے دخل کرنے کی سازش قرار دیا گیا ہے۔

فلسطین کے تعلق سے ہندوستان کی پالیسی ہمیشہ واضح اور فلسطینی کاز کی حمایت کرنے والی رہی ہے۔ حکومت خواہ کانگریس کی ہو یا جنتا پارٹی کی، یا پھر مودی حکومت سے پہلے کی بی جے پی حکومتوں کی، ان تمام حکومتوں نے ایک آزاد اور خود مختار فلسطین کے حق میں مضبوطی سے کھڑے رہنے کو مشرق وسطیٰ سے متعلق خارجہ پالیسی کا لازمی جز مانا بھی ہے اور بین الاقوامی پلیٹ فارموں پر فلسطین کے حق میں آواز بھی بلند کی ہے۔ سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کی اس تعلق سے پارلیمنٹ میں کی گئی تقریر ریکارڈ پر ہے۔ دیگر حکومتوں نے بھی خارجہ پالیسی میں بغیر کسی پارٹی سطح کی سیاست میں پڑے اس تعلق سے اتفاق رائے کو اہمیت دی ہے۔ فلسطین کا معاملہ بھی اسی خارجہ پالیسی کے تحت آتا ہے۔ لیکن جب سے بی جے پی کی موجودہ حکومت یعنی مودی حکومت اقتدار میں آئی فلسطینیوں کے حق میں ہندوستان میں اٹھنے والی آوازیں کمزور ہوئی ہیں، اور اس کا سبب مودی حکومت اور آر ایس ایس کی اس تعلق سے اپنائی گئی پالیسی ہے۔ حماس کے اسرائیل پر کیے گئے حملے کے اسباب اور تاریخی تناظر کو نظر انداز کرتے ہوئے مودی حکومت نے اس معاملے میں نہ صرف امریکہ اور یوروپ کے موقف کو اپنایا ہے بلکہ حد تو یہ ہے کہ اس سے بھی ایک قدم آگے جاتے ہوئے فلسطینیوں کے حق میں ہندوستان کے مختلف حصوں میں ہونے والے مظاہروں کو روکنے یا مظاہرین کے خلاف مختلف دفعات کے تحت تادیبی کارروائیاں کرنے میں بھی کسر نہیں چھوڑی ہے۔ جب کہ امریکہ اور یوروپ کی تمام تر اسرائیل نوازی اور اسرائیل کے ہر قدم کی اندھی حمایت کے باوجود ان ممالک میں اسرائیل کے خلاف اور فلسطین کے حق میں زبردست مظاہرے ہوئے ہیں، اور اب بھی ہو رہے ہیں۔ فرانس اور برطانیہ جیسے ممالک فلسطین کو ایک آزاد اور خود مختار ریاست کے طور پر تسلیم کرنے کے اشارے دے رہے ہیں، لیکن مودی حکومت میں موجود اسرائیل نواز عناصر نے اسرائیل کے مظالم پر شرمناک حد تک لب سی لیے ہیں بلکہ یہ معاملہ لب سی لینے سے بھی آگے نکل چکا ہے۔ اس لیے کہ مودی حکومت اسرائیل سے اسٹریٹجک اور سفارتی رشتے مضبوط کرنے میں سابقہ حکومتوں سے بھی کافی آگے نکل چکی ہے۔ بہر حال نوکر شاہوں کے مذکورہ خط میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ اسرائیل کے اندر بھی جنگ کی مخالفت بڑھی ہے، اور جنگ بندی کے مطالبے کو لیکر عوام سڑکوں پر اتر آئے ہیں۔ اسرائیل کے تعلق سے پوری دنیا میں بڑھ رہی مخالفت کی طرف بھی اس خط میں اشارہ کیا گیا ہے۔ نوکر شاہوں نے یہ خط شاید اس امید کے ساتھ لکھا ہوگا کہ دنیا میں اسرائیل کے تعلق سے تیزی سے بدلتے ہوئے موقف اور عالمی سطح پر عوام کے پرزور احتجاج کی طرف مودی حکومت کی توجہ مبذول کرانے سے شاید حکومت کے موقف میں کچھ تبدیلی آئے، لیکن اس کے باوجود حکومت، اس کی ایجنسیاں اور پولیس یا اندھ بھکتوں کے اسرائیل سے منافقانہ عشق میں کوئی فرق نہیں آیا ہے۔ اس کا ایک تازہ ثبوت علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں فلسطینیوں کے حق میں ہونے والے مظاہروں کے تعلق سے مقامی پولیس کا رویہ ہے۔

علی گڑھ کی مقامی پولیس نے سابق طالبعلم طلحہ منان اور ان کے دیگر ساتھیوں کو گرفتار کیا ہے۔

دراصل یہ طلباء یونیورسٹی کی فیس میں بے تحاشہ اضافے کے خلاف احتجاج کر رہے تھے لیکن خبر ہے کہ اس دوران انھوں نے فلسطین کے حق میں بھی نعرے لگائے۔ پولیس نے جو کیس ان طلباء کے خلاف رجسٹر کیا ہے خبروں کے مطابق اس میں فلسطین کے خلاف نعرے بازی کو ہی بنیاد بنایا گیا ہے۔

سب سے اہم بات یہ ہے کہ طلباء کے خلاف یہ کارروائی پولیس نے ایک ہندوتووادی تنظیم 'ہندو رکشا دل' کے ضلع صدر سنجے آریہ کی جانب سے درج کرائی گئی ایک شکایت کے بعد کی ہے۔ اب یہ عام بات ہو گئی ہے کہ اگر ہندوتو وادیوں کا کوئی کتا بھی کسی مسلمان پر بھونکتا ہے اور کسی نام نہاد ہندو تنظیم کا کوئی معمولی سا کارکن بھی کسی مسلمان کے خلاف کوئی شکایت لیکر پولیس کے پاس جاتا ہے تو اس کی شکایت پر مسلمانوں کی گرفتاری کو پولیس اپنا فرض منصبی مان کر فوراً کارروائی شروع کر دیتی ہے۔

اے ایم یو کے سابق طلباء کے خلاف پولیس کی فرقہ وارانہ فعالیت اس کا ثبوت ہے۔

> اے ایم یو کے سابق طلباء کے خلاف پولیس کی فرقہ وارانہ فعالیت اس کا ثبوت ہے۔ مبینہ 'ہندو رکشا دل' کے سنجے آریہ نے ایک ویڈیو پولیس کے سامنے پیش کی تھی، جس میں مبینہ طور پر طلحہ منان اور ان کے دیگر ساتھیوں کو فلسطینی پرچم اٹھائے ہوئے فلسطین کے حق میں نعرے لگاتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف تعزیرات ہند کے تحت جو رپورٹ درج کی ہے اس میں 'ایک سرکاری ملازم کے ذریعہ جاری کردہ حکم کی نافرمانی اور عوامی فساد کو جنم دینے والے بیانات سے متعلق دفعات کے تحت الزام لگائے گئے ہیں۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ شکایت کنندہ نے ملزمان پر جو الزام عائد کیے ہیں ان میں یہ بات بھی موجود ہے کہ یہ احتجاج اور مظاہرے یونیورسٹی کے اندر ہو رہے ہیں، لیکن اس کے باوجود شکایت کنندہ نے انھیں غیر مجاز بھی بتایا اور پولیس نے شکایت کنندہ کی شکایت پر کسی طرح کی ابتدائی جانچ کی بھی ضرورت محسوس نہ کرتے ہوئے فوراً ہی شکایت پر ایف آئی آر بھی درج کرلی۔ شاید پولیس کو 'اوپر سے' یہ ہدایت دی گئی ہے کہ اگر کوئی ہندوتووادی ایسے کسی معاملے میں کوئی شکایت درج کرائے تو اسے ہی حرف آخر مان کر رپورٹ درج کرلی جائے۔

مبینہ 'ہندو رکشا دل' کے سنجے آریہ نے ایک ویڈیو پولیس کے سامنے پیش کی تھی، جس میں مبینہ طور پر طلحہ منان اور ان کے دیگر ساتھیوں کو فلسطینی پرچم اٹھائے ہوئے فلسطین کے حق میں نعرے لگاتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔

پولیس نے ملزمان کے خلاف تعزیرات ہند کے تحت جو رپورٹ درج کی ہے اس میں 'ایک سرکاری ملازم کے ذریعہ جاری کردہ حکم کی نافرمانی اور عوامی فساد کو جنم دینے والے بیانات سے متعلق دفعات کے تحت الزام لگائے گئے ہیں۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ شکایت کنندہ نے ملزمان پر جو الزام عائد کیے ہیں ان میں یہ بات بھی موجود ہے کہ یہ احتجاج اور مظاہرے یونیورسٹی کے اندر ہو رہے ہیں، لیکن اس کے باوجود شکایت کنندہ نے انھیں غیر مجاز بھی بتایا اور پولیس نے شکایت کنندہ کی شکایت پر کسی طرح کی ابتدائی جانچ کی بھی ضرورت محسوس نہ کرتے ہوئے فوراً ہی شکایت پر ایف آئی آر بھی درج کرلی۔

شاید پولیس کو 'اوپر سے' یہ ہدایت دی گئی ہے کہ اگر کوئی ہندوتو وادی ایسے کسی معاملے میں کوئی شکایت درج کرائے تو اسے ہی حرف آخر مان کر رپورٹ درج کر لی جائے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ یونیورسٹی کے اندر ہونے والے کسی مظاہرے سے 'عوامی فساد کو جنم دینے والے' حالات کس طرح پیدا ہو سکتے ہیں۔

دوسری بات یہ کہ فلسطین کے حق میں نعرے لگانے سے کسی سنگ دل اور درندہ صفت انسان کو تو پریشانی ہو سکتی ہے لیکن پوری انسانیت کا درد رکھنے والا اور فلسطینیوں کی مظلومیت سے واقف کوئی بھی انسان فلسطین کے حق میں ہونے والے احتجاج پر معترض نہیں ہو سکتا۔ اس معاملے کے شکایت کنندہ نے یہ بھی الزام لگایا ہے کہ یونیورسٹی کیمپس میں بغیر کسی اجازت کے احتجاجی مارچ نکالے جا رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا کسی بھی تعلیمی ادارے کے اندر ہونے والی سرگرمیوں کی اجازت پولیس سے لینا ضروری ہے۔ کوئی بھی شخص جس نے کسی تعلیمی ادارے خصوصاً کسی یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی ہے وہ یہ جانتا ہے کہ تعلیمی اداروں کی حدود میں ہونے والی سرگرمیوں میں پولیس یا مقامی انتظامیہ اس وقت تک قانونی طور پر دخل نہیں دے سکتی جب تک کہ ادارے کا انتظامی سربراہ اس کے لیے خود ضلع یا شہر انتظامیہ اور پولیس سے درخواست نہ کرے۔ لیکن زیر بحث معاملے میں یونیورسٹی کے وی سی یا پروکٹر نے پولیس سے مداخلت کی کوئی درخواست کی ہو اس کی کوئی اطلاع نہیں۔ یعنی محض ایک 'چلتے پھرتے' اور فلسطین دشمن یا شر پسند ہندوتووادی کی شکایت پر پولیس نے معاملہ درج کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ فلسطین کے حق میں کسی تعلیمی ادارے کے کیمپس میں کیے گئے پر امن احتجاج کو بھی قانون کے خلاف مانتی ہے، جبکہ کسی ہندوتو وادی کے ذریعہ مسجد کے سامنے زہریلے نعرے لگانا، مسجدوں پر چڑھ کر وہاں بھگوا پرچم لہرانا جیسی اشتعال انگیز سرگرمیاں اس کے نزدیک جائز ہیں۔ دوسری بات یہ کہ فلسطین کے حق میں کسی ہندوستانی مسلمان کا کھڑا ہونا بھی مودی حکومت اور انتظامیہ کو برداشت نہیں۔

اس تناظر میں اگر سابق نوکر شاہوں کے وزیر اعظم کو تحریر کیے گئے مذکورہ خط کی عبارت پر غور کریں تو واضح ہو جائیگا کہ یہ خط وزیر اعظم سے فلسطین کے تعلق سے کسی نیکی کی امید رکھ کر نہیں لکھا گیا بلکہ اس کا مقصد حکومت کی فلسطین کے تعلق سے اپنائی جانے والی غیر معمولی منافقانہ پالیسی کو اجاگر کرنا ہے۔

☆☆☆

# مسلمان ملک بدری کے مخالف مگر 'اکھنڈ بھارت' کے حمایتی



انجینئر محمد سمیع خان کھٹانہ

ہندوستان کی آزادی لاکھوں شہیدوں کی قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ یہ ملک کسی ایک مذہب یا برادری کا عطیہ نہیں بلکہ ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی سب نے مل کر اس دھرتی کو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرایا۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے آئین نے ابتدا ہی سے اس بات کو یقینی بنایا کہ ہندوستان ایک سیکولر جمہوریت ہوگا جہاں ہر شہری کو بلا تفریق مذہب برابر کے حقوق حاصل ہوں گے۔ یہی ہندوستان کی اصل طاقت ہے اور اسی پر اس کی پہچان قائم ہے۔ اگر ہم آزادی کی تحریک پر نظر ڈالیں تو پتا چلتا ہے کہ جلیانوالہ باغ کے شہیدوں میں ہر مذہب کے لوگ شامل تھے، عدم تعاون کی تحریک میں سب نے حصہ لیا اور یہاں تک کہ 1857 کی جنگِ آزادی کو بھی ہندو اور مسلمان نے شانہ بشانہ لڑا۔ یہی وہ اتحاد تھا جس نے برطانوی سلطنت کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ آزادی کے پچھتر برس گزر جانے کے باوجود کچھ عناصر تقسیم کے زخموں کو بار بار کریدنے کی کوشش کرتے ہیں۔ حالیہ دنوں میں ایک سیاسی رہنما نے ایسے بیانات دیے جو نہ صرف آئین کے منافی ہیں بلکہ ملک کے اتحاد کے لیے بھی خطرہ ہیں۔ انہوں نے دو متنازعہ نکات اٹھائے۔ پہلا یہ کہ مسلمانوں کو پاکستان بھیج دیا جائے اور ان کی جائیدادیں دلتوں و کمزور طبقات میں بانٹ دی جائیں، اور دوسرا یہ کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کو ملا کر ''اکھنڈ بھارت'' بنایا جائے۔ یہ دونوں نکات بظاہر متضاد ہیں لیکن دراصل ایک ہی خطرناک سوچ کی نمائندگی کرتے ہیں، جس کی بنیاد تعصب اور نفرت پر ہے۔

پہلا نکتہ براہ راست ہندوستانی مسلمانوں کی شہریت پر سوال اٹھاتا ہے۔ مسلمانوں کو ملک بدر کرنے کی بات محض ایک جذباتی نعرہ ہے جس کا کوئی آئینی، قانونی یا عملی وجود نہیں۔ ہندوستان کا آئین صاف کہتا ہے کہ ہر شہری کو مساوی حق حاصل ہے۔ آرٹیکل 300A کے مطابق کسی بھی شخص کی جائیداد اس کی مرضی کے بغیر ضبط نہیں کی جاسکتی۔ مسلمانوں کی جائیدادیں کوئی خیرات نہیں بلکہ قانونی ملکیت ہیں۔ اگر اس سوچ پر کبھی عمل ہوا تو اس کے نتیجے میں سماج میں بداعتمادی اور نفرت کا ایسا دائرہ پھیلے گا جو ملک کے اتحاد کو شدید نقصان پہنچائے گا۔ مزید یہ کہ اس سے صرف مسلمان ہی نہیں بلکہ دلت اور پسماندہ طبقات بھی متاثر ہوں گے کیونکہ انہیں محض لالچ کا ایک جھانسہ دیا جا رہا ہے۔

دوسری بات، یعنی 'اکھنڈ بھارت' کا خواب، بذات خود اس سوچ کی کمزوری کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر پاکستان اور بنگلہ دیش کو ہندوستان میں شامل کر دیا جائے تو وہاں کے کروڑوں مسلمان دوبارہ اسی سرزمین کے شہری بنیں گے۔ پھر سوال یہ ہے کہ ایک طرف مسلمان ملک بدر کرنے کی بات اور دوسری طرف ان ہی مسلمانوں کو شامل کرنے کی بات، یہ کس قدر کھلا تضاد ہے؟ دراصل یہ ایک سیاسی نعرہ ہے جس کی کوئی حقیقی بنیاد نہیں۔ بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق کسی آزاد اور خود مختار ملک کو زبردستی دوسرے ملک میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔ یہ خیال صرف جذباتی تقریروں میں اچھا لگ سکتا ہے لیکن عملی دنیا میں اس کی کوئی گنجائش نہیں۔

ان بیانات میں ایک اور خطرناک پہلو یہ ہے کہ یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ عوام نے بی جے پی کو اکثریت مسلمانوں کو کمزور کرنے کے لیے دی۔ یہ عوامی شعور کی توہین ہے۔ ہندوستان کے عوام نے ہمیشہ ترقی، امن، روزگار اور تعلیم کے نام پر ووٹ دیا ہے۔ کسی کمیونٹی کو باہر نکالنا عوام کی ترجیح کبھی نہیں رہی۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر عوامی فیصلے کو اس طرح پیش کیا جائے تو یہ جمہوریت کی روح کے منافی ہوگا۔ ہندوستانی مسلمان باہر سے آنے والے نہیں بلکہ اسی دھرتی کے بیٹے ہیں۔ انہوں نے آزادی کی جدوجہد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور آزادی کے بعد بھی ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنی قربانیاں پیش کیں۔ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام، جو ''میزائل مین'' کہلائے، کیا اس سرزمین کے بیٹے نہیں تھے؟ فوج، کھیل، سائنس، سیاست، ادب، ہر میدان میں مسلمانوں نے ہندوستان کا نام بلند کیا ہے۔ آج بھی ہزاروں مسلمان فوجی سرحدوں پر جانیں قربان کر رہے ہیں۔ ان کی قربانیوں کو فراموش کرنا تاریخ سے انکار کے مترادف ہے۔ دہلی، لکھنؤ، حیدرآباد اور علی گڑھ جیسے شہروں میں مسلمانوں نے تعلیمی ادارے قائم کیے، صنعتیں کھڑی کیں اور ملک کے سماجی ڈھانچے کو مضبوط بنایا۔

جہاں تک وقف املاک کا تعلق ہے، یہ کسی کی ذاتی جاگیر نہیں بلکہ عوامی خدمت کے لیے مخصوص ہیں۔ ان زمینوں پر اسکول، کالج، ہسپتال اور رفاہی ادارے قائم ہیں جو پورے معاشرے کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ اگر کہیں بدعنوانی ہے تو عدالتیں موجود ہیں، قانون موجود ہے۔ لیکن یہ کہنا کہ وقف املاک پر مسلمانوں کا کوئی حق نہیں، سراسر حقیقت کے منافی ہے۔ وقف کی تاریخ بتاتی ہے کہ یہ ادارے ہمیشہ تعلیم و خدمتِ خلق کا ذریعہ رہے ہیں۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اور دلی کی کئی درسگاہیں انہی املاک کی بدولت پروان چڑھیں۔

اصل سوال یہ ہے کہ ہندوستان کی طاقت کس چیز میں ہے؟ کیا کسی ایک طبقے کو کمزور کرنے میں یا سب کو ساتھ لے کر آگے بڑھنے میں؟ تاریخ گواہ ہے کہ جب یہ ملک متحد رہا تو ترقی کی نئی راہیں کھلیں، اور جب اندرونی تقسیم نے سر اٹھایا تو دشمنوں کو فائدہ پہنچا۔ کوئی بیرونی طاقت ہندوستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی جب تک ہم اندر سے کمزور نہ ہوں۔ سنہری تاریخ کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں، مغل دور ہو یا آزادی کے بعد کی صنعتی ترقی، ہمیشہ اتحاد ہی نے ہمیں آگے بڑھایا۔

یہ حقیقت سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ایسے بیانات عوامی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے ہیں۔ بے روزگاری، مہنگائی، تعلیم اور صحت جیسے بنیادی مسائل پسِ پشت ڈال کر مذہب کے نام پر عوام کو بانٹنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ سیاسی چال ہے تاکہ عوام کو تقسیم کر کے وقتی فائدہ حاصل کیا جا سکے۔ جو رہنما مذہب کے نام پر سیاست کرتے ہیں وہ جان بوجھ کر لوگوں کے اصل مسائل سے نظریں چرا رہے ہیں۔ ہندوستان سب کا ہے۔ یہ زمین ہندو کی بھی ہے، مسلمان کی بھی، سکھ کی بھی اور عیسائی کی بھی۔ یہ ملک کسی ایک برادری کی جاگیر نہیں بلکہ سب کی مشترکہ امانت ہے۔ جو اس دھرتی پر پیدا ہوا، وہ اس کا بیٹا ہے اور اس کا حق کوئی نہیں چھین سکتا۔ آئین نے سب کو برابر کے حقوق دیے ہیں، اور یہی مساوات ہماری بقا اور ترقی کی ضمانت ہے۔ اگر ہم اپنے آئین، اپنی جمہوریت اور اپنے مشترکہ ورثے کو محفوظ رکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں ایسے نعروں سے ہوشیار رہنا ہوگا جو صرف تقسیم اور نفرت کو بڑھاتے ہیں۔

# الیکشن کمیشن اب بھروسے کے قابل نہیں



سرفراز احمد قاسمی

گزشتہ سے پیوستہ

سپریم کورٹ نے مسلسل تیسرے دن اس کیس کی سماعت کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کو یہ ہدایت دی کہ 65 لاکھ ان ووٹر کے نام ویب سائٹ پر ڈالے جائیں جو ووٹر لسٹ سے حذف کئے گئے اور اس میں یہ بتایا جائے کہ آپ کا نام ووٹر لسٹ سے کیوں کاٹا گیا ہے، اس معاملے کی مزید سماعت اگلی تاریخ میں ہوگی دیکھنا ہوگا کہ عدالت اس بارے میں کیا فیصلہ سناتی ہے۔ یہ معاملہ ہندوستان میں انتخابی جمہوریت کے مستقبل کا مقدمہ ہے کیا ملک کا سب سے بڑا آئینی ادارہ الیکشن کمیشن کے قواعد و ضوابط کی آڑ میں اپنی جواب دہی سے فرار حاصل کرسکتا ہے، کیا شہریوں کو بغیر کسی جرم کے ان کے بنیادی حقوق سے محروم کیا جا سکتا ہے؟ عدالت عظمیٰ کا فیصلہ نہ صرف بہار کے انتخابات کا سمت متعین کریگا بلکہ یہ بھی واضح کرے گا کہ ہندوستان کی جمہوریت میں شفافیت اور احتساب کی اقدار کتنی مضبوط اور گہری ہیں۔

انڈیا الائنس اور اپوزیشن پارٹیوں کا احتجاج اس بات کی علامت ہے کہ ہندوستان میں ابھی جمہوریت زندہ ہے اور عوام کے حقوق کی حفاظت کے لئے آواز بلند کرنے والے اب بھی موجود ہیں یہ محض ایک مارچ نہیں بلکہ ان لاکھوں ووٹروں کے حق کا مقدمہ ہے جو خاموشی سے لسٹ سے نکال دئے گئے اور جنہیں اس بات کا علم بھی نہ ہو سکا کہ ان کا آئینی حق ان سے چھین لیا گیا ہے، اس تناظر میں اپوزیشن کا مطالبہ کہ اس مسئلے پر پارلیمنٹ میں باضابطہ بحث کی جائے، نہایت معقول اور آئینی ہے مگر افسوس کہ پارلیمنٹ میں اکثریتی شور اور حکومتی ہنگامہ سچ کی گونج کو دبا رہا ہے۔ گزشتہ ایک ماہ سے پارلیمنٹ ٹھپ ہے، اپوزیشن سراپا احتجاج ہے، ایوان میں مسلسل ہنگامہ آرائی ہو رہی ہے لیکن حکومت کو یہ سب دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ جمہوریت میں سب سے بڑی طاقت عوام ہوتے ہیں اور جب ان کے ووٹ کا تقدس پامال ہو تو ہر در و دیوار سے سوال اٹھنے لگتا ہے، اس وقت یہ سوال صرف اپوزیشن کا نہیں ہر اس ہندوستانی کا ہے جو اپنے ووٹ کو اپنی آواز سمجھتا ہے، وقت آگیا ہے کہ ووٹ کی عزت کو، جمہوریت کی اصل روح کو اور آئین کی پاسداری کو محض نعروں کے بجائے ایک عوامی تحریک میں بدلا جائے کیونکہ آج اگر ہم خاموش رہے تو کل ہمارے ووٹ کے خانے میں بھی صرف خالی جگہ باقی رہے گی۔

ملک اس وقت ایک نازک موڑ پر کھڑا ہے، ایک طرف الیکشن کمیشن ہے جو آئینی ادارہ ہے اور جسے مکمل غیر جانبداری سے اپنے فرائض ادا کرنے چاہیے، دوسری طرف اپوزیشن ہے جو جمہوری توازن کے لئے ناگزیر ہے لیکن اسے ہر بار سازش کا نشانہ بنایا جا رہا ہے اور تیسری طرف عوام ہے جو ان دونوں کے درمیان سچ تلاش کرنے کی کوشش میں بے یقین اور مایوس ہو چکے ہیں، راہل گاندھی نے ایک بنیادی سوال اٹھایا ہے کہ دنیا کے تمام جمہوری نظاموں میں حکومت مخالف رجحان ہوتا ہے لیکن یہاں بی جے پی ہر بار اس لہر سے محفوظ کیسے رہتی ہے؟ کیا یہ محض ان کی کارکردگی کا کمال ہے یا پھر نظام کی دراڑیں انہیں بچا رہی ہیں؟ اگر ووٹر لسٹ میں جعلی اور فرضی نام ہوں، اگر ایک شخص کئی بار ووٹ ڈال سکے، اگر اصل ووٹ ڈالنے والوں کو ہی لسٹ سے نکال دیا جائے تو پھر بی جے پی یا کسی بھی جماعت کی فتح کا مطلب جمہوریت کی جیت نہیں بلکہ اس کی شکست ہوگی اور اس کا کھلے عام قتل ہوگا، راہل گاندھی کے الزامات اگر سچے ہیں تو یہ محض ووٹ کی چوری نہیں بلکہ جمہوریت کا قتل ہے اور اگر یہ الزامات غلط ہیں تو پھر الیکشن کمیشن کو چاہیے کہ شفاف طریقے سے اسکی تحقیقات کرے، عوام کے سامنے حقائق رکھے، ڈیٹا جاری کرے اور ہر اس نقطے کا جواب دے جو راہل گاندھی نے اٹھایا ہے، کیونکہ یہ تنہا راہل گاندھی کے سوالات نہیں ہیں، ای وی ایم پر ایک عرصے سے الزام لگتا رہا ہے لیکن اسے ان سنی کردی گئی، لیکن اب تو صرف ووٹوں کی چوری نہیں بلکہ اس پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے۔ الیکشن کمیشن کی دھمکیاں اور یہ کہہ دینا کہ یہ الزامات غلط ہیں اس میں سچائی نہیں ہے، یہ ہرگز جواب نہیں ہے، کمیشن پر جو سنگین الزامات ہیں اس کا جواب ہر حال میں دینا ہوگا، خاموشی کوئی جواز نہیں بلکہ خود ایک جرم ہے یہ وقت ہے کہ الیکشن کمیشن خود کو عوامی اعتماد کے کٹہرے میں لاکر کھڑا کرے اور ثابت کرے کہ وہ بی جے پی یا کسی اور جماعت کا نہیں صرف آئین کا وفادار ہے بصورت دیگر آنے والے انتخابات میں ہر ووٹ کے ساتھ ایک سوال بھی ڈالا جائے گا کہ کیا میرا ووٹ واقعی گنا گیا یا کہیں بیچ میں ہی چوری کرلیا گیا۔

گزشتہ دنوں الیکشن کمیشن کی پریس کانفرنس سے یہ شک مزید گہرا ہو گیا کہ ملک میں صرف ووٹوں کی چوری نہیں ہو رہی ہے بلکہ ڈکیتی ہو رہی ہے، یہ کتنی عجیب بات ہے کہ جمہوری نظام میں عوام ووٹ کے ذریعے اپنی حکومت کا انتخاب کرتے ہیں لیکن ہندوستان میں اب حکومت اپنے ووٹر کا انتخاب کر رہی ہے، مودی حکومت اسی ڈاکہ زنی کے ذریعے تیسری بار اقتدار پر قابض ہوئی ہے اور اسی لئے یہ حکومت عوام کی آواز نہیں سن رہی ہے، عوام مخالف اور من مانی فیصلے ان شبہات کو مزید قوت پہونچا رہے ہیں، ظاہر ہے یہ حکومت بیساکھی کے ذریعے قائم ہے، جس میں نتیش، نائیڈو کے علاوہ دیگر اور کئی پارٹیاں شامل ہیں، راہل گاندھی اور تیجسوی کی قیادت میں بہار سے ووٹر ادھیکار یاترا زور و شور سے جاری ہے جس میں عوامی سیلاب دیکھا جا رہا ہے، ووٹر ادھیکار یاترا میں لوگوں کا غیر معمولی جوش و خروش اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ ابھی اس ملک میں لوگ اپنے حقوق کی بازیابی اور اسکے تحفظ کیلئے بیدار ہیں، بہار سے اٹھنے والا یہ طوفان اگر ملک گیر تحریک اختیار کرتا ہے تو پھر دہلی میں اقتدار پر قابض لوگوں کو اپنا تخت و تاج بچانا انتہائی مشکل ہوگا، ہمیں یہ یاد رکھنا ہوگا کہ بہار گوتم بدھ کی سرزمین رہی ہے، یہاں سے اٹھنے والا طوفان، اپنے ساتھ بڑے بڑے تانا شاہوں کو بہالے جاتا ہے اور یہ ملک میں انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوتا ہے، یہی اسکی تاریخ رہی ہے، بہار سے شروع ہونے والا تازہ طوفان ملک کو کس رخ پر لے جاتا ہے اس کے لئے ابھی ہمیں انتظار کرنا ہوگا۔

آج جبکہ ملک میں جمہوریت اور ڈیموکریسی کو ہر طرح سے کمزور کیا جا رہا ہے، جمہوریت یرغمال بنائی جارہی ہے، جمہوری اقدار کا قتل ہو رہا ہے، قانون کے نام پر اپوزیشن کو ختم کرنے کوشش کی جارہی ہے، ان ساری گڑبڑیوں اور گھوٹالوں کیلئے نتیش، نائیڈو اور این ڈی اے کی حمایت کرنے والی دیگر پارٹیوں کو یاد رکھا جائے گا کہ انھوں نے ان چیزوں کو کھلی آنکھوں سے دیکھنے، سمجھنے کے باوجود کروڑوں عوام کی امنگوں کے خلاف صرف اپنے مفاد کیلئے اپنے ضمیر سے سمجھوتہ کرلیا، اپنے ضمیر کی آواز بھی یہ پارٹیاں نہیں سن سکی، جمہوریت کو کمزور کرنے، آمریت کے فروغ میں ساتھ رہے اور کروڑوں لوگوں کے جذبات کا خون کرتے رہے۔ جمہوریت کیخاتمے کیلئے جتنی ذمہ دار بی جے پی ہے اس سے زیادہ ذمہ دار نتیش اور نائیڈو ہیں جنھوں نے اس کی تائید کی، مؤرخ جب بھی داستان ہند اور ہندوستان کی سیاسی تاریخ لکھے گا، انکی ضمیر فروشی کا مرثیہ نمایاں الفاظ میں لکھے گا۔ ملک کے موجودہ حالات کے تناظر میں ایمرجنسی کے دوران کسی شاعر نے درست کہا تھا کہ:

نہ پوچھو عالم جمہور کی وحشت بدامانی
حدیث اقتضائے دل سنائیں تو بغاوت ہے
فریب کور چشمی ہے طلوع مہر آزادی
حجاب دیدہ و دانش اٹھائیں تو بغاوت ہے
حیات ہر نفس پر جبر کا آئین نافذ ہے
وفور تشنگی میں لب ہلائیں تو بغاوت ہے

☆☆☆

